سوال

(357) عورت کا سنتوں میں اونچی آواز سے قراءت کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کے لیے جائز ہے کہ فجر، مغرب کی پہلی اور عشاء کی سنتوں میں اونچی آواز سے قراءت کرے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں جائز ہے اور یہ ایسا کر سکتی ہے، خواہ اس کے قریب اس کے محرم بھی موجود ہوں یا صرف عورتیں ہی ہوں، قراءت اونچی کر لینا مستحب ہے۔ لیکن اگر قریب میں اجنبی مرد ہوں تو چاہئے کہ قراءت خاموشی سے کرے۔ اور علماء کا اجماع ہے کہ جہر کے موقع پر قراءت سری کرنا یا سری کے موقع پر جہری قراءت کر لینے سے نماز کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑتا ہے، اور یہ عمل سنت مستحبہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 302

محدث فتویٰ